559

85:سورة البروج

ترتیبِ تلاوت	نام سورہ	مکی / مدنی	رکوع نمبر	آیات شمار	پارہ شمار	نام پارہ
85	سُوْرَةُ الْبُرُوْجِ	مکی	1	22	30	عَمَّ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَ السَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ ﴿۱﴾ وَ الْيَوْمِ الْمَوْعُوْدِ ﴿۲﴾ قسم ہے برجوں والے
آسمان کی اور اس دن کی جس کا وعدہ کیا گیا ہے وَ شَاهِدٍ وَّ مَشْهُوْدٍ ﴿۳﴾ قسم ہے شاہد
اور مشہود کی، مشہود سے مراد قیامت کا دن ہے اور شاہد سے مراد وہ تمام فرشتے اور انبیاء جو اس
دن موجود ہوں گے قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ ﴿۴﴾ النَّارِ ذَاتِ الْوَقُوْدِ ﴿۵﴾ ہلاک ہو
گئے ایمان والوں کے لئے خندقیں کھودنے والے لوگ، وہ خندقیں جن میں بھڑکتے ہوئے
ایندھن کی آگ تھی اِذْ هُمْ عَلَيْهَا قُعُوْدٌ ﴿۶﴾ وَّ هُمْ عَلٰى مَا يَفْعَلُوْنَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ
شُهُوْدٌ ﴿۷﴾ اور جو کچھ وہ ایمان لانے والوں کے ساتھ کر رہے تھے، خود اس خندق کے
کنارے پر بیٹھ کر اسے دیکھ رہے تھے وَ مَا نَقَمُوْا مِنْهُمْ اِلَّآ اَنْ يُّؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ
الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ﴿۸﴾ اور وہ ان مومنوں سے صرف اس بات کا انتقام لے رہے تھے کہ یہ
لوگ اُس اللہ پر ایمان لے آئے تھے جو بڑا زبردست اور قابل ستائش ہے الَّذِيْ لَهٗ
مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ وَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿۹﴾ جو آسمانوں اور زمین کی
سلطنت کا مالک ہے، اور یقیناً اللہ سب کچھ دیکھ رہا ہے اِنَّ الَّذِيْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِيْنَ
وَ الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَتُوْبُوْا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَ لَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيْقِ ﴿۱۰﴾
جن لوگوں نے مومن مَردوں اور مومن عورتوں پر ظلم ڈھائے اور پھر اس سے تائب نہ

ہوئے، یقیناً ان کے لیے جہنم کا عذاب ہے اور ان کے لیے جلائے جانے کی سزا ہے اِنَّ
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ۵
ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْكَبِيْرُ ؕ﴿۱۱﴾ اس کے برعکس جو لوگ ایمان لائے اور جنہوں نے نیک اعمال
کیے، یقیناً ان کے لیے جنت کے باغات ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی، یہ بہت بڑی
کامیابی ہوگی اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ ؕ﴿۱۲﴾ بیشک آپ کے رب کی گرفت بہت ہی سخت
ہے اِنَّهٗ هُوَ يُبْدِئُ وَ يُعِيْدُ ۚ﴿۱۳﴾ وہی پہلی بار پیدا کرتا ہے اور وہی دوبارہ پیدا کرے گا
وَ هُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ ۙ﴿۱۴﴾ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ ۙ﴿۱۵﴾ وہ بہت بخشنے والا اور بہت محبت
کرنے والا ہے، وہ عرش کا مالک اور بڑی شان والا ہے فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ؕ﴿۱۶﴾ وہ جو بھی ارادہ
فرماتا ہے اسے کر گزرتا ہے هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْجُنُوْدِ ۙ﴿۱۷﴾ فِرْعَوْنَ وَ ثَمُوْدَ ؕ﴿۱۸﴾ کیا
آپ کے پاس فرعون اور ثمود کے لشکروں کی خبر پہنچی ہے، فرعون اور ثمود کے حالات
سے ان کافروں کو سبق حاصل کرنا چاہیے تھا اور اس کے بعد تو فوراً ایمان لے آنا چاہیے تھا بَلِ
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ تَكْذِيْبٍ ۙ﴿۱۹﴾ وَّ اللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِيْطٌ ۚ﴿۲۰﴾ جن لوگوں
نے کفر کیا ہے وہ تو قرآن کو جھٹلانے ہی میں لگے ہوئے ہیں لیکن وہ جان لیں کہ اللہ
نے انہیں ہر طرف سے گھیر رکھا ہے بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ۙ﴿۲۱﴾ فِيْ لَوْحٍ
مَّحْفُوْظٍ ۠﴿۲۲﴾ جبکہ حقیقت یہ ہے کہ یہ بڑی عظمت والا قرآن ہے جو لوح محفوظ میں
لکھا ہوا ہے رکوع [1]

[# 559]

ترتیبِ تلاوت	نام سورہ	مکی / مدنی	رکوع نمبر	آیات شمار	پارہ شمار	نام پارہ
85	سُوْرَۃُ الْبُرُوْجِ	مکی	1	22	30	عَمَّ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

In the Name of Allah, the Most Beneficent, the Most Merciful

وَ السَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ ۝۱ وَ الْيَوْمِ الْمَوْعُوْدِ ۝۲

I swear by the sky, full of constellations, and by the Promised Day [of Resurrection].

وَ شَاهِدٍ وَّ مَشْهُوْدٍ ۝۳

And by the Witness and the Witnessed.

قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ ۝۴ النَّارِ ذَاتِ الْوَقُوْدِ ۝۵

Accursed be the People of the Fire-pit! [who dug it for the believers]- the fire fed with fuel.

اِذْ هُمْ عَلَيْهَا قُعُوْدٌ ﴿٦﴾ وَّ هُمْ عَلٰى مَا يَفْعَلُوْنَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ
شُهُوْدٌ ﴿٧﴾

When they were sitting [by the edge of the pit]. And they witnessed what they were doing against the believers [throwing them into the firepit].

وَ مَا نَقَمُوْا مِنْهُمْ اِلَّآ اَنْ يُّؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ الْعَزِيْزِ
الْحَمِيْدِ ﴿٨﴾

And they merely expressed their wrath on them because they professed faith in Allah, the All-Mighty, the Praiseworthy.

الَّذِیۡ لَہٗ مُلۡکُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ؕ وَ اللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ
شَہِیۡدٌ ؕ﴿۹﴾

[The One] to whom belongs the Kingdom of the heavens and the earth. And Allah is witness over all things.

اِنَّ الَّذِیۡنَ فَتَنُوا الۡمُؤۡمِنِیۡنَ وَ الۡمُؤۡمِنٰتِ ثُمَّ لَمۡ یَتُوۡبُوۡا
فَلَہُمۡ عَذَابُ جَہَنَّمَ وَ لَہُمۡ عَذَابُ الۡحَرِیۡقِ ﴿ؕ۱۰﴾

For those who persecute believing men, and believing women- and thereafter do not repent- for them is surely the punishment of Hell. And for them is the torment of [everlasting] burning.

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِیْ
مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ۬ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْكَبِیْرُؕ﴿۱۱﴾

However, those who believed, and performed righteous deeds, will indeed have Gardens [in Paradise], with rivers flowing beneath them. This, in fact, will be a great success.

اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِیْدٌؕ﴿۱۲﴾

Indeed, severe is the grip of your Lord.

اِنَّهٗ هُوَ یُبْدِئُ وَ یُعِیْدُۚ﴿۱۳﴾

[He is the One] who creates for the first time and [He is the One] who will Recreate.

وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ ﴿۱۴﴾ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ ﴿۱۵﴾

And He is all-Forgiving and all-Loving, Lord of the throne, the All-Glorious.

فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ﴿۱۶﴾

He accomplishes whatever He intends.

هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْجُنُوْدِ ﴿۱۷﴾ فِرْعَوْنَ وَثَمُوْدَ ﴿۱۸﴾

[O Prophet], Has the story of the forces reached you? [whom Allah destroyed]. [The forces of] the Pharaoh and the Thamud?

بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ تَكْذِيْبٍ ﴿۱۹﴾ وَّ اللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِيْطٌ ﴿۲۰﴾

Those who disbelieve, are [engaged] in denying [the day of judgement], [but they should know that], Allah has encompassed them from all sides.

بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ﴿۲۱﴾ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ﴿۲۲﴾ رکوع [1]

Indeed, this is the Glorious Quran, [written] in the Preserved Tablet.